## پاکستان انتہائی نازک دور سے گزر رہا ہے، ملک کو یکجہتی اور اتحاد کی جتنی ضرورت آج ہے پہلے کبھی نہ تھی۔الطاف حسین

## ماضی میں سپر طاقتوں کی جنگ کو کفر و اسلام کی جنگ بنا کر اس میں پاکستان کو جھونکا گیا اور جو پالیسیاں بنائی گئیں آج ملک انہی پالیسیوں کا خمیازہ بھگت رہا ہے

## مذہبی انتہا پسندی اور دہشت گردی پر قابو پائے بغیر نہ تو پاکستان کی سلامتی اور استحکام کو یقینی بنایا جاسکتا ہے اور نہ ہی ملک ترقی کرسکتا ہے۔ممتاز دانشور، کالم نگار اور تجزیہ نگار جناب نذیر ناجی سے گفتگو

لندن۔۔۔یکم اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ پاکستان اس وقت انتہائی نازک دور سے گزر رہا ہے اور ملک کو یکجہتی اور اتحاد کی جتنی ضرورت آج ہے اس سے پہلے کبھی نہ تھی۔انہوں نے یہ بات ملک کے ممتاز دانشور، کالم نگار اور تجزیہ نگار جناب نذیر ناجی سے گفتگو کرتے ہوئے کہی جنہوں نے ایم کیو ایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں جناب الطاف حسین سے ملاقات کی۔ملاقات میں ملک کے سیاسی حالات، پاکستان کو درپیش چیلنجز، خطے میں تیزی سے بدلتے ہوئے جغرافیائی سیاسی حالات اور ملک کی مجموعی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ماضی میں جس طرح سپر طاقتوں کی جنگ کو کفر و اسلام کی جنگ بنا کر اس میں پاکستان کو جھونکا گیا اور جہاد کے نام پر ملک کے غریبوں کے ہزاروں بچوں کو اس آگ کا ایندھن بنایا گیا اور جو پالیسیاں بنائی گئیں آج ملک انہی پالیسیوں کا خمیازہ بھگت رہا ہے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ماضی میں مذہبی انتہا پسندی کا جو بیج بویا گیا تھا وہ آج ایک تناور درخت بن چکا ہے اور اسی مذہبی انتہا پسندی کے نتیجے میں آج پاکستان شدید بیرونی خطرات سے دوچار ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ مذہبی انتہا پسندی اور دہشت گردی پر قابو پائے بغیر نہ تو پاکستان کی سلامتی اور استحکام کو یقینی بنایا جاسکتا ہے اور نہ ہی ملک ترقی کرسکتا ہے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ پاکستان اس وقت جس نازک دور سے گزر رہا ہے وہ اس بات کا تقاضہ کرتا ہے کہ ہم تمام تر اختلافات کو بالائے طاق رکھ کر ملک کی سلامتی اور بقاء کی فکر کریں۔انہوں نے کہا کہ ملک کو یکجہتی اور اتحاد کی جتنی ضرورت آج ہے اس سے پہلے کبھی نہ تھی۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ملک کے تمام شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد خصوصاً صحافیوں، قلمکاروں اور دانشوروں کو چاہیے کہ وہ اپنے قلم کے ذریعے عوام کو ان حالات و واقعات اور حقائق سے آگاہ کریں۔انہوں نے نئی نسل کی فکری رہنمائی کے سلسلے میں نذیر ناجی کی قلمی خدمات کو سراہا۔نذیر ناجی نے ملکی حالات کے بارے میں جناب الطاف حسین کے تجزیہ اور خیالات سے اتفاق کیا اور ان امور پر غور و فکر اور عملی اقدامات کو وقت کی ضرورت قرار دیا۔ملاقات میں نذیر ناجی کے صاحبزادے انیق ناجی، ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے سینئر ڈپٹی کنوینر طارق جاوید اور اراکین رابطہ کمیٹی سلیم شہزاد، محمد انور، طارق میر، آصف صدیقی اور مصطفیٰ عزیز آبادی بھی موجود تھے۔

## ایم کیو ایم کے بزرگ رہنما حسن مثنیٰ مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد پر قرآن خوانی

کراچی۔۔۔یکم، اگست 2007ء

ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے سابق رکن اور تحریک پاکستان کے کارکن حسن مثنیٰ علوی مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے بدھ کے روز ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو سے متصل خورشید بیگم میموریل ہال میں قرآن خوانی کا اجتماع منعقد کیا گیا۔اجتماع میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار، رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم، اراکین رابطہ کمیٹی شعیب بخاری ایڈوکیٹ، اشفاق منگی، نیک محمد، وفاقی وزیر بابر غوری، ڈاکٹر نصرت، شاہد لطیف، آنسہ ممتاز انوار، محترمہ خورشید افسر، حق پرست وزراء، مشیران، ارکان قومی و صوبائی اسمبلی، ٹاؤن ناظمین، نائب ناظمین، یوسی ناظمین، نائب یوسی ناظمین، کونسلر، ایم کیو ایم کراچی تنظیمی کمیٹی، اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی، کراچی مضافاتی کمیٹی، عوامی مسائل کمیٹی، ورکرز مسائل کمیٹی، پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی، مذہبی اقلیتی امور کمیٹی، میڈیکل ولیگل ایڈ کمیٹی، اے پی ایم ایس او، لیبر ڈویژن، شعبہ خواتین، ایلڈرز ونگ کے علاوہ نائن زیرو کے مختلف شعبہ جات کے اراکین، سیکٹرز و یونٹ کے ذمہ داران و کارکنان اور مرحوم کے عزیز و اقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔بعد ازاں اجتماعی دعا کی گئی جس میں حسن مثنیٰ علوی مرحوم کے بلند درجات، لواحقین کیلئے صبر جمیل، حق پرست شہداء کی مغفرت، اسیر کارکنان کی رہائی، ایم کیو ایم کے خلاف سازشوں کے خاتمے، حق پرست مشن و مقصد اور جدوجہد کی کامیابی کے علاوہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت و تندرستی کیلئے خصوصی دعائیں کی گئیں۔

## مذہبی انتہا پسند عناصر کی جانب سے رینبو سینٹر کراچی میں وڈیوفلموں کا کاروبار کرنے والے دکانداروں، سینما گھروں اور کیبل آپریٹرز کو دھمکیاں قابل مذمت ہیں۔رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔یکم،اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے مذہبی انتہا پسند عناصر کی جانب سے کراچی کے سینما گھروں،کیبل آپریٹرز اور رینبو سینٹر کراچی میں وڈیوفلموں کا کاروبار کرنے والے دکانداروں کو کاروبار بند کرنے کی دھمکیاں دینے کی شدید مذمت کی ہے اورحکومت سندھ سے مطالبہ کیا ہے کہ ان دھمکیوں کا فوری نوٹس لیا جائے اور رینبو سینٹر کے دکانداروں،کیبل آپریٹرز اور سینما گھروں کو مکمل تحفظ فراہم کیا جائے۔اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ کا واضح فرمان ہے کہ ''دین میں کوئی جبر نہیں ہے'' لیکن بعض مذہبی انتہا پسند عناصر اسلام کا نام لیکر لوگوں کو جبر،تشدد،غندہ گردی اور دہشت گردی کا نشانہ بنا رہے ہیں جو کہ اللہ تعالیٰ کے احکامات ،قرآن مجید اور اسلام کی تعلیمات کی صریحاً نفی ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ اس طرح کی دھمکیاں دیکر اور جبر،تشدد،غندہ گردی اور دہشت گردی کے ہتھکنڈے استعمال کرکے لوگوں کو خودساختہ شریعت کا پابند نہیں بنایا جاسکتا۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ مذہبی انتہا پسند عناصر اسلام کے نام پر عوام کی شہری آزادیاں سلب کرنے کی کوشش کررہے ہیں جس کی کسی کو اجازت نہیں دی جائے گی۔رابطہ کمیٹی نے رینبو سینٹر کے دکانداروں،سینما گھروں اور کیبل آپریٹرز سے مکمل یکجہتی کا اظہار کیا اور حکومت سے مطالبہ کیا کہ مذہبی انتہا پسند عناصر کی جانب سے رینبو سینٹر کے دکانداروں،سینما گھروں اور کیبل آپریٹرز کو دی جانیوالی دھمکیوں کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور انہیں مکمل تحفظ فراہم کیا جائے۔

## کروڑوں عوام کے دلوں کی دھڑکن جناب الطاف حسین کے قتل کی سازش سازشی عناصر کے ناپاک عزائم کا حصہ ہے۔ حکومت برطانیہ الطاف حسین کی سیکورٹی فراہم کرے۔ایم کیوایم کینیڈا

ٹورنٹو۔یکم اگست 2007ء

ایم کیوایم اوورسیز ٹورنٹو کینیڈا یونٹ کی آرگنائزنگ کمیٹی کے نگراں ڈاکٹر علی اور قائم مقام آرگنائزر شکیل اختر اور اراکین اور کینیڈا کے ذیلی یونٹوں کے کارکنان وذمہ داران نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف کے خلاف قتل کی سازش کے انکشاف پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے کروڑوں عوام دلوں کی دھڑکن ہونے کے ساتھ ساتھ مظلوم ومحکوم طبقات کے وہ واحد نمائندہ حق پرست رہنماء ہیں جنوں نے اس پرآشوب دور میں حق پرستی کی شمع روشن کرکے حقوق سے محروم مظلوم طبقات کو جینے کی امنگ دی ہے۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے باطل قوتوں کے سامنے جس جرات مندی کے ساتھ کلمہ حق بلند کیا ہے اس کی نظیر نہیں ملتی۔انہوں نے کہا کہ جناب الطاف حسین کے کلمہ حق بلند کرتے ہی باطل قوتیں سرگرم عمل ہوگئیں اور انہوں نے ہر دور میں طرح طرح کے اوچھے اور گھناؤنے ہتھکنڈوں کے ذریعے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی آواز حق کو دبانے کی بہت کوششیں کیں جو کہ آج تک جاری ہیں اور اپنے تمام تر سازشی ہتھکنڈوں میں ناکامی کے بعد اب سازشی عناصر نے قائد تحریک الطاف حسین کے قتل کی ناپاک سازشیں شروع کردی ہیں،اور جناب الطاف حسین کی رہائش گاہ کے اطراف مشکوک گاڑیوں کی نقل وحرکت انہیں سازشوں کا حصہ ہے۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ملک گیر مقبولیت اور متحدہ کی گوناگوں کامیابیوں سے بوکھلا کر ایم کیوایم کے مخالفین، جاگیرداروں،وڈیرے اور اسٹیبلشمنٹ کے چند عناصر اپنی ان ناپاک سازشوں میں کبھی کامیاب نہیں ہوسکتے۔انہوں نے سازشی عناصر کو متنبہ کرتے ہوئے کہا کہ وہ اپنی گھناؤنی سازشوں سے باز آجائیں چونکہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے چاہنے والے الحمداللہ برطانیہ سمیت پوری دنیا میں پھیلے ہوئے ہیں جو اپنی جانوں پر کھیل کر دشمنوں کی ہر ناپاک اور گھناؤنی سازشوں کا نہ صرف ماضی میں مردانہ وار مقابلہ کرچکے ہیں بلکہ اپنے اتحاد کے زریعے ہر باطل قوت سے نمٹنے کے تیار ہیں۔ انہوں کے آخر میں حکومت برطانیہ سے پرزور مطالبہ کیا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے حفاظتی انتظامات کو یقینی بنائے اور اس سلسلے میں ٹھوس اقدامات کرے۔

## کارکنان وحق پرست عوام عادل صدیقی کی صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کریں۔الطاف حسین

لندن۔۔۔یکم،اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن اور حق پرست صوبائی وزیر عادل صدیقی کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور ان کی جلد صحتیابی کی دعا کی ہے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کارکنان وحق پرست عوام سے بھی اپیل کی ہے کہ وہ عادل صدیقی کی صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کریں۔

## بلوچستان کے شہراوستہ محمد کے صحافیوں کا نائن زیرواور ایم کیوایم کے شعبہ جات کا تفصیلی دورہ

کراچی۔۔۔یکم، اگست 2007ء

صوبہ بلوچستان ضلع جعفرآباد کے شہراورستہ محمد پریس کلب کے صحافیوں کے 10 رکنی نمائندہ وفد نے متحدہ قومی موومنٹ کے مرکز نائن زیروعزیز آباد آکر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان شعیب بخاری اوراشفاق منگی سے ملاقات کی اوران سے ملک بالخصوص بلوچستان کی مجموعی سیاسی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ کیا۔ صحافیوں نے نائن زیرو،خورشید بیگم میموریل ہال اورایم پی اے ہاسٹل میں مختلف شعبوں کا تفصیلی دورہ کیا اور وہاں تنظیمی کاموں کا جائزہ لیا۔وفد میں عبدالستارترین، چاکر دیناری،علی مردان جمالی،محبت علی چھوان ،عبدالجبار بنگلزئی بروہی،محمد رفیق پندرانی ،منظوراحمد سومرواورسجاداحمد منگی شامل تھے۔اس موقع پرحق پرست سینیٹر ڈاکٹر محمد علی بروہی،رکن سندھ اسمبلی عبدالقدوس اوراوستہ محمد سیکٹر کے انچارج ممتازعلی عمرانی بھی موجود تھے۔نائن زیرواور دیگر شعبہ جات کے دورے کے موقع پر اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے صحافیوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرواوراس متصل ایم کیوایم کے دیگر شعبہ جات کا دورہ کرنے کے بعد یہ بات ہم پر پوری طرح عیاں ہوگئی کہ بلوچستان میں ایم کیوایم کے بارے میں جس قسم کا منفی پروپیگنڈہ کیا گیا ہے وہ ہمیں کہیں نظر نہیں آرہا ہے بلکہ پبلک سیکریٹریٹ کے دورے کے موقع پروہاں عوام کے مسائل کے بروقت حل کیلئے ڈیوٹی پر موجود ایم پی ایز،ایم این ایزاورسینیٹرز کے رویے نے ہمیں بے حد متاثر کیا جو تنظیمی نظم وضبط اور تعلیم وتربیت کی واضح مثال ہے۔انہوں نے کہا کہ ہمارا خیال تھا کہ نائن زیروکوئی محل نمااور بڑی آراستہ جگہ ہوگی لیکن ہمیں یہ دیکھ کرحیرت ہوئی کہ یہ محض 120 گز پر مشتمل ایک تین کمروں کا مکان ہے۔بعدازاں انہوں نے ایم پی اے ہاسٹل جاکر ایم کیوایم میڈیا سینٹراور شعبہ اطلاعات کا بھی دورہ کیااور وہاں خبروں کی ترسیل کے انتظامات کا جائزہ لیا۔رابطہ کمیٹی کے ارکان نے کہا کہ ایم کیوایم عوامی قوت رکھنے والی ملک کی تیسری بڑی جماعت ہے جوملک سے جاگیردارانہ وڈیرانہ نظام کے خاتمے کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے،ایم کیوایم نے بلوچستان میں فوجی آپریشن کی مخالفت کی اورمسئلہ بلوچستان پرٹھوس موقف اختیار کیا۔انہوں نے بلوچستان سے آنیوالے صحافیوں کا شکریہ ادا کیااورانہیں قائدتحریک جناب الطاف حسین کی شخصیت اورایم کیوایم کی عملی جدوجہد سے آگاہ کیا۔

## سازشی عناصر جناب الطاف حسین کے خلاف اپنے ناپاک اورمکروہ عزائم سے باز آجائیں،اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی

کراچی۔۔۔یکم، اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے ارکان نے سازشی عناصر کی جانب سے قائدتحریک جناب الطاف حسین کے قتل کی گھناؤنی سازش کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ سازشی عناصر متحدہ قومی موومنٹ کے فکروفلسفہ اورنظریئے سے خوفزدہ ہیں۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین انقلابی تحریک اور اس سے وابستہ کروڑوں کارکنان اورعوام کے محبوب قائد ہیں اور جوسازشی عناصر جناب الطاف حسین کواپنے راستے سے ہٹانے کے گھناؤنے اور ناپاک منصوبے پرعمل پیرا ہیں وہ ملک وقوم کے کھلے دشمن ہیں اور 98، فیصد غریب ومتوسط اورمظلوم عوام کی حکمرانی کی جدوجہد سے خوف کا شکار ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے کارکنان اورحق پرست عوام کیلئے جناب الطاف حسین روحانی باپ کی حیثیت رکھتے ہیں اور وہ اپنے محبوب قائد پر ذرابرابر آنچ بھی برداشت نہیں کرسکتے اوراس سلسلے میں اپنے خون کا آخری قطرہ تک بہادینے سے گریز نہیں کریں گے۔انہوں نے سازشی عناصر کومتنبہ کیا کہ وہ جناب الطاف حسین کے خلاف اپنے ناپاک اورمکروہ عزائم سے باز آجائیں ورنہ انہیں کارکنان وحق پرست عوام کے شدید ردعمل اورغیض وغضب کا سامنا کرنا پڑے گا۔اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے ارکان نے حکومت برطانیہ سے مطالبہ کیا کہ وہ جناب الطاف حسین کی حفاظت کیلئے خصوصی اقدامات بروئے کارلائے۔

## ایم کیوایم حیدرآباد زون سیکٹر H کے کارکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔یکم، اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم حیدرآباد زون سیکٹر H یونٹ 3-B کے کارکن محمد خالد کے والد حاجی محمد شبیر کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کوصبرجمیل کی توفیق عطافرمائے۔

☆☆☆☆☆